سے بہت کچھ تعاون ملتا رہا ہے جو اپنی مطبوعات کے علاوہ ہماری ضرورت کی دوسری کتابیں بھی فراہم کرتا رہا ہے۔ چنانچہ گزشتہ دنوں ادارہ کو فاؤنڈیشن کی طرف سے اُردو دائرہ معارف اسلامیہ کا سٹ موصول ہوا ہے جس سے ہماری ایک بڑی ضرورت پوری ہوئی ہے۔ اس وقیع تحفہ کے لئے ہم صمیم قلب سے ذمہ داران ہمدرد فاؤنڈیشن کے ممنون ہیں اور امید کرتے ہیں کہ علمی تعاون کا یہ سلسلہ جاری رہے گا اور علم نوازی کی یہ 'ہمدردانہ' روایت قائم رہے گی۔

(۲) قومی انگریزی اُردو لغت ــــ مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد کا تحفہ

مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد (پاکستان) علمی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ اردو زبان و ادب کی ترویج و ترقی کے میدان میں اس کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ اسی سلسلہ زرین کی ایک کڑی "قومی انگریزی اردو لغت" ہے جو اس کے صدر نشین جناب ڈاکٹر جمیل جالبی صاحب کی تدوین ہے۔ بلامبالغہ اس وقت یہ اپنی نوعیت کا منفرد لغت ہے اور اپنی مختلف النوع خصوصیات کے پیش نظر سابقہ تمام لغات سے ممتاز ہے۔ اراکین ادارہ علوم القرآن جناب صدر نشین کے شکر گزار ہیں کہ انھوں نے ادارہ کی لائبریری کیلئے اس لغت کا ایک سِٹ مرحمت فرمایا اس سے پہلے بھی ادارہ مقتدرہ قومی زبان اور جناب صدر نشین کی عنایات سے بہرہ اندوز ہوتا رہا ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ اس علمی فیض رسانی کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ (ادارہ)

کشتی نوح علیہ السلام

قرآن مجید کے بیان کے مطابق طوفان تھمنے کے بعد کشتی نوح کوہِ جودی پر جالگی۔ چنانچہ ارشاد ہے:

وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ	اور حکم ہوا کہ اے زمین اپنا پانی نگل لے
وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ	اور اے آسمان تھم جا اور پانی اتار دیا گیا اور
الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ	معاملے کا فیصلہ ہوگیا اور کشتی کوہ جودی پر
بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ٥ (هود: ۴۴)	جالگی اور اعلان کر دیا گیا کہ ظالم (لوگ) پر خدا کی

پھٹکار ہے۔

تورات کے بیان کے مطابق کشتی نوح کوہ اراراط پر ٹھہری تھی۔ یہ دونوں چوٹیاں ایک ہی سلسلہ کوہ سے متعلق ہیں لیکن ان دونوں میں کسی قدر فاصلہ ہے۔ ایک مدت سے بہت سے مہم جو، مذہبی علما، اور ماہرینِ آثار قدیمہ اس کشتی کی تلاش میں سرگرم رہے ہیں۔ لیکن اس تلاش و جستجو کا دائرہ کوہ اراراط تک عموماً محدود تھا چنانچہ ابھی تک اس مہم میں کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ اب ٹائمس آف انڈیا (۳ فروری ۹۴ء) کی ایک رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ مشہور ماہر آثارِ قدیمہ وِنڈل جونز WENDYL JONES نے کشتی نوح کو دریافت کر لیا ہے۔ جونز اور اس کی ٹیم نے اس قدیم کشتی کی تلاش میں گزشتہ چھ سال میں اس علاقے کا کونا کونا چھان مارا۔ جونز کی تحقیق کے مطابق یہ جگہ کوہ اراراط سے بیس میل دور ایران اور ترکی کی سرحد پر واقع ہے۔ توقع ہے کہ آئندہ سال کھدائی کا کام شروع ہو جائے گا۔ راڈر کی زیر سطحی تفتیش کے مطابق کشتی کے خدوخال واضح طور پر ابھر کر سامنے آجاتے ہیں جو ایک پہاڑی پر ...۷ فٹ کی بلندی پر مٹی میں دبی ہوئی ہے۔ اس کی لمبائی ۵۱۵ فٹ اور چوڑائی ۱۳۹ فٹ ہے اور یہ بائیبل کی بیان کردہ پیمائش کے مطابق ہے۔ اس غیر معمولی دریافت نے عیسائی ماہرین آثارِ قدیمہ کو سخت الجھن میں ڈال دیا ہے۔ جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ کشتی نوح کے ٹھہرنے کی جگہ بائیبل کے بیان کے مطابق اراراط ہی ہے جب کہ موجودہ دریافت شدہ جگہ جودی کے قریب ہے جو قرآن کے بیان کے مطابق کشتی کے ٹھہرنے کی جگہ ہے۔

قرآن وحدیث کا پہلا اردو کمپیوٹر پروگرام

حیدرآباد (فانا) پاکستانی کمپیوٹر انجینئر محمد الغام علوی نے قرآن وحدیث کا پہلا اردو کمپیوٹر پروگرام تیار کرنے میں کامیابی حاصل کر لی ہے "نور الہدیٰ" کے نام سے تیار کئے گئے اس ڈاٹا بیس DATA BASE پروگرام میں قرآن مجید کا اردو اور انگریزی ترجمہ اور احادیث کی چھ کتابوں (صحاح ستہ) کے اردو تراجم کو محفوظ کیا گیا ہے۔ ان تراجم سے استفادہ کو سہل بنانے کی غرض سے انھیں ۲۰ موضوعات اور ۴۰ عناوین میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (سہ روزہ دعوت ۲۵ جولائی ۹۴ء)